# 12485- طلوع اور غروب آفتاب کے وقت نماز ادا کرنے کی ممانعت

## سوال

جب مسلمان طلوع یا غروب شمس کے وقت نماز ادا کرے تو یہ شیطان کے سینگوں کے درمیان نماز ادا کرنے کے مشابہ ہے ، اور ان دونوں وقتوں میں نماز ادا کرنا جائز نہیں، اور یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ان دونوں وقتوں میں جن شیطان کے لیے نماز ادا کرتے ہیں، تو کیا یہ حدیث صحیح ہے ؟

## پسندیدہ جواب

جی ہاں صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں صبح کی نماز کے بعد طلوع شمس سے لیکر حتی کہ وہ ایک نیزہ اونچا ہو جائے نماز ادا کرنے کی ممانعت وارد ہے ، اور دوپہر میں زوال کے وقت اور نماز عصر کے بعد غروب آفتاب تک نماز ادا کرنے کی ممانعت ہے .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ سورج شیطان کے سینگوں کے مابین طلوع اور غروب ہوتا ہے ، اور اس وقت کفار اسے سجدہ کرتے ہیں .

دیکھیں : صحیح بخاری حدیث نمبر (581) صحیح مسلم حدیث نمبر (831).

الشیخ سعد الحمید

اور حدیث میں یہ وارد نہیں کہ جن شیطان کے لیے نماز ادا کرتے ہیں بلکہ شیاطین سرکش جن ہیں .

واللہ اعلم .